نیلام حقوق برائے کیٹرنگ خدمات کمیونٹی سینٹر (گول باغ) سرور روڈ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ کنٹونمنٹ بورڈ لاہور کمیونٹی سینٹر بلڈنگ واقع گول باغ سرور روڈ بمعہ ملحقہ جگہ کو مناسب صحت مند سرگرمیوں کے لے ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر مدت برائے پانچ سال 2026 تا 2030 قابل تجدید برائے مذید پانچ و پانچ سال بتاریخ 26 جنوری 2026 کو 11:30 بجے دن بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سرور روڈ لاہور کینٹ میں منعقد ہوگی۔ مقررہ تاریخ کو نیلامی کے عدم انعقاد یا ناکام ہونے کی صورت دوبارہ بتاریخ 27 جنوری 2026 اور سہ بارہ 28 جنوری 2026 کو منعقد ہوگی جس کیلئے کوئی علیحدہ اشتہار شائع نہیں کیا جائیگا۔

<u>شرائط و ضوابط:-</u>

1. نیلامی میں حصہ لینے والے خواہش مند حضرات کو مبلغ -/Rs.20,00,000 روپے بطور زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ قبل از بولی موقع پر جمع کرانا ہونگے۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر چھ (06) ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی اور تین (03) ماہ کا کرایہ پیشگی موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ کرایہ کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ لاہور ضبط کرلیا جائے گا۔ اور دوسرے نمبر بولی دہندہ کو پہلے نمبر بولی دہندہ کی کرایہ کی آفر کو سیکورٹی / پیشگی کرایہ جمع کروانے کا کہا جائیگا۔ اگر وہ بھی جمع کرانے میں ناکام رہا تو اس کا بھی زرضمانت ضبط کرلیا جائے گا اور دیگر کم بولی دہندگان کا زرضمانت واپس کردیا جائے گا۔
3. کرایہ داری کنٹونمنٹ بورڈ کے مروجہ قوانین کنٹونمنٹ پراپرٹی رولز 1957 اور مجاز اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے تابع ہوگی۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو رمضان المبارک اور محرم الحرام کے ماہانہ کرایہ میں 50% رعایت دی جائے گی۔
5. سالانہ 10% کے حساب سے کرایہ میں بڑھوتی ہوگی۔
6. کامیاب بولی دہندہ کمیونٹی سنٹر و ملحقہ جگہ کو صحت مند سرگرمیوں کے لیے مناسب تجاویز دفتر ھذا میں جمع کروانے کی منظوری لینے کا پابند ہوگا۔
7. دوران تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کینٹ انجینئر کی مشاورت اور نگرانی میں ہوگی۔ جس کے لیے اپنا پلان دفتر ھذا کو جمع کروانا لازم ہوگا۔
8. کمیونٹی سینٹر میں 600 مہمانوں کیلئے وسیع ہال بمعہ (2-Booking Office, 2-Bridal Room & Kitchen) اور کشادہ کار پارکنگ کی سہولت میسر ہے۔
9. کمیونٹی سنٹر کو کینٹ بورڈ کی اپنی تقریبات از قسم (کانفرنس، کانووکیشن و دیگر) بطور آڈیٹوریم استعمال کیا جاسکے گا۔ جس کے لیے ٹھیکہ دار ایسی تقریبات کے انعقاد کو ترجیح دینے کا پابند ہوگا۔ البتہ ایسی تقریبات کی ماہانہ تعداد ایک سے زائد نہ ہوگی۔ تقریبات کی تعداد میں اضافہ کی صورت میں یوٹیلیٹی بلز اور معقول کرایہ ادا کیا جائے گا۔ جس کے لیے معاہدہ میں باقاعدہ مفصل شرط شامل کی جائیگی۔
10. ٹھیکہ کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معاہدہ کرنا ہوگا۔
11. کمیونٹی سینٹر میں بجلی، پانی اور گیس کے کنکشن کی سہولت موجود ہے۔ جس کے تمام بلز کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
12. عدم ادائیگی یا نادہندہ کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کردیا جائے گا۔ اور جمع شدہ سیکورٹی بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔
13. کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندہ اور کینٹ بورڈ کے ساتھ مقدمہ بازی میں ملوث اشخاص / فرم نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہونگے۔
14. کامیاب بولی دہندہ سیکورٹی کا مناسب بندوبست کرنے کا پابند ہوگا۔
15. کامیاب بولی دہندہ کمیونٹی سینٹر کو کسی دوسرے شخص کو Sublet نہ کر سکے گا۔
16. بولی کی حتمی منظوری بورڈ / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز رہے۔ نیز نوٹس نیلام عام PPRA Website ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔
17. کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔ دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس کی ٹیکس برانچ سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔
18. بلڈنگ "جہاں جیسے ہے" کی بنیاد پر ماہانہ کرایہ نیلام کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ اپنی گرہ سے بلڈنگ کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کرنے کا پابند ہوگا۔ بلڈنگ کی تعمیر و مرمت و تزئین و آرائش خرچ ہونے والی رقم ناقابل واپسی ہوگی۔
19. ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے پر بلڈنگ ھذا اور ملحقہ جگہ کو خوش اسلوبی سے واپس کرنے کا پابند ہوگا۔

مشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

لاہور کینٹ

CS Scanned with CamScanner